**SET-4**

**Series %BAB%/C**

سوالنامہ کوڈ
Q.P. Code **3**

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

رول نمبر
Roll No.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد 8 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا سوالنامہ کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد 17 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوال نامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains 8 printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (کور)

# URDU (Core)

وقت : ۲ گھنٹے — کل نمبر : ۴۰

*Time allowed : 2 hours* — *Maximum Marks : 40*



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

***Instructions*** :

(i) *This question paper contains 3 parts and total 17 questions.*

(ii) *Part A consists of 10 marks, Part B of 18 marks and Part C of 12 marks.*

(iii) *Write answer according to the specific instructions.*

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ تین حصوں میں پوچھے گئے 17 سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) ’حصہ۔الف‘ 10 نمبر، ’حصہ۔ب‘ 18 نمبر اور ’حصہ۔ج‘ 12 نمبر کا ہے۔

(iii) دی گئی ہدایات کے مطابق جوابات لکھیے۔

## Part-A (10 Marks)

حصہ۔الف (10 نمبر)

**1.** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ *5×1=5*

سورج کی روشنی جب دریاؤں، جھیلوں اور سمندروں پر پڑتی ہے تو ان کے تھوڑے سے پانی کو بخارات بنا کر اڑا دیتی ہے۔ پانی کے بخارات ہوا میں پھیل جاتے ہیں۔ گرم ہوا میں ٹھنڈی ہوا کی بہ نسبت بخارات زیادہ ہو سکتے ہیں۔ پانی سے نم گرم ہوا جب ٹھنڈی ہوتی ہے یا سرد علاقے مثلاً پہاڑوں سے گزرتی ہے تو اس کا کچھ حصّہ پھر پانی بن جاتا ہے جیسے ٹھنڈے گلاس کے باہری سطح پر بوندیں بن جاتی ہیں۔ بادل یا دھند بھی اسی طرح بنتی ہے۔ بادلوں کو اگر اور ٹھنڈ ملے تو چھوٹی چھوٹی بوندیں آپس میں مل کر بڑی اور وزنی بوندیں بن جاتی ہیں، جنھیں ہوا نہیں سنبھال پاتی اور بارش ہونے لگتی ہے۔ سردی کے موسم میں پہاڑوں

collegedunia.com India's largest Student Review Platform

پر ہر طرف برف ہی برف ہوتی ہے۔ ٹھنڈی اور نم ہوا سے بھی برف بنتی ہے۔ برف کے ٹکڑوں کو غور سے دیکھا جائے تو ایسے چھوٹے ٹکڑے نظر آئیں گے جو شش پہلو ہوتے ہیں۔

(i) سورج کی روشنی جب دریاؤں اور جھیلوں وغیرہ پر پڑتی ہے تو کیا ہوتا ہے ؟

(ii) پانی سے نم ہوا دوبارہ پانی کب بن جاتی ہے ؟

(iii) بادل یا دھند کس طرح بنتی ہے ؟

(iv) چھوٹی چھوٹی بوندیں کب وزنی اور بڑی بن جاتی ہیں؟

(v) برف کے ٹکڑوں کو غور سے دیکھا جائے تو کیا نظر آتا ہے؟

یا

بچے ہیں ہم لعل و گوہر    روشن ہیں مانندِ قمر
ہم با سلیقہ با ہنر    ہر دم بلندی پر نظر
معذور ہم کو مت کہو
مجبور ہم کو مت کہو
سادہ زباں، شیریں سخن    ہم پھول، ہم جانِ چمن
ہم ہیں امیدوں کی کرن    ہم زندگی کا بانکپن
معذور ہم کو مت کہو
مجبور ہم کو مت کہو



collegedunia
India's largest Student Review Platform

(i) بچوں کو قمر یعنی چاند جیسا کیوں کہا گیا ہے ؟

(ii) بچوں کی نظر کہاں رہتی ہے ؟

(iii) بچوں کو خود کو کس نام سے پکارا جانا پسند نہیں ہے ؟

(iv) دوسرے بند میں بچوں کی کون کون سی صفات بیان کی گئی ہیں ؟

(v) آخری شعر میں کیا کہنے سے منع کیا ہے ؟

**2.** درج ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

امریکہ کی ہر بات نرالی ہے۔اونچ نیچ کا وہاں کوئی سوال نہیں دن بھر ہوٹل میں جھوٹے برتن دھونے والا، گلی گلی دیا سلائی بیچنے والا، شام کو اچھے کپڑے پہن کے کلب جاتا ہے، وہاں بڑے سے بڑا امیر یا افسر بھی اسے حقارت کی نظر سے نہیں دیکھ سکتا۔پورن مل بھی ایک رات کلب میں جا پہنچا۔وہ ایک بیش قیمت چائنا سلک کا سوٹ پہنے ہوئے تھا۔اس کو دیکھ کر لوگ مسکرانے لگے۔پورن مل سمجھ گیا کہ سب اس کا مذاق اڑا رہے ہیں۔اس کا ایک دوست ہریش بھی وہاں موجود تھا جو ایک عرصے سے امریکہ میں مقیم تھا۔اس نے کہا " مسٹر پورن اس وقت تم کو کالا سوٹ پہن کر آنا چاہیے تھا، میرے پاس دوسرا سوٹ تیار ہے۔ڈریسنگ روم میں چل کر تم ابھی بدل سکتے ہو"۔پورن مل جھلّایا ہوا تو تھا ہی اس نے سمجھا کہ ہریش بھی اس سے مذاق کر رہا ہے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

(i) امریکہ کے معاشرے میں کون سی نرالی بات پائی جاتی ہے ؟

(ii) امریکہ کے کلب میں شام کو جانے والے لوگوں میں کون کون لوگ شامل ہوتے ہیں ؟

(iii) پورن مل کا مذاق کیوں اڑایا گیا؟

(iv) پورن مل کے دوست ہریش نے اسے کیا مشورہ دیا ؟

(v) ہریش کے مشورے پر پورن مل کیا سمجھا؟

یا

شب بچھونا جو میں بچھاتا ہوں | سر پہ روزِ سیاہ لاتا ہوں
کیڑا ایک ایک پھر مکوڑا ہے | کھانے کو شام ہی سے دوڑا ہے
ایک چٹکی میں ایک چھنگلی پر | اک انگوٹھے پہ ایک انگلی پر
گرچہ بہتوں کو میں مسل مارا | پر مجھے کھٹملوں نے مل مارا
ہاتھ تکیہ پہ گہہ بچھونے پر | کبھی چادر کے کونے کونے پر

(i) شاعر کے لیے روزِ سیاہ کس وقت شروع ہو جاتا ہے؟

(ii) کیڑے شام ہی سے کس حرکت میں مبتلا رہتے ہیں؟

(iii) یہ کیڑے شاعر کے بدن کے کن حصّوں پر آدھمکتے ہیں؟

(iv) بہت سے کیڑوں کو مارنے کے باوجود شاعر کو کس نے سب سے زیادہ پریشان کیا؟

(v) بستر کے کن حصّوں پر شاعر کا ہاتھ بار بار پڑتا ہے اور کیوں؟



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

## Part-B (18 Marks)

## حصہ۔ب (18 نمبر)

3. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیے۔ 6

(i) دہلی کی سیر

(ii) آن لائن کلاسیز۔ رحمت یا زحمت

(iii) میرا اسکول

(iv) میرا پسندیدہ استاد

4. اپنے دوست کو خط لکھ کر جمہوری نظامِ حکومت میں ووٹ دینے کی اہمیت کے بارے میں بتائیے اور دوست کو آنے والے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی تاکید کیجیے۔ 4

یا

اپنے اسکول میں تقریری مقابلہ منعقد کرانے کے لیے پرنسپل صاحب کو درخواست لکھیے۔

5. 'ایک گدھے کی سر گزشت' کا خلاصہ لکھیے۔ 3

یا

غالب کے خطوط کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

3 **.6** نظم 'پرچھائیاں' کا مرکزی خیال لکھیے ۔

یا

مثنوی کی تعریف بیان کیجیے۔

2 **.7** درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

(i) نامراد جانا

(ii) ٹوٹ پڑنا

(iii) پائمال ہونا

(iv) پٹا پڑا ہونا

## Part-C (12 Marks)

## حصہ ۔ج (12 نمبر)

(6×2=12) ہدایت : مندرجہ ذیل میں سے صرف 6 سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔

**.8** 'ذرا فون کرلوں' کے مصنف کے یہاں کس کس طرح کے فون آتے تھے؟

**.9** میرن صاحب نے غالب کو مجروح کی صحت کے بارے میں کیا بتایا؟

**.10** غالب نے اپنے خطوں کو دل لگی کا سامان کیوں کہا ہے؟



collegedunia
India's largest Student Review Platform

11. ہندوستان آنے کے بعد پورن مل کے ساتھ کیا ہوا؟

12. شاعر نے نظم 'پرچھائیاں' میں جنگ بند کرنے کے لیے کن لوگوں کو مخاطب کیا ہے؟

13. میر نے اپنی مثنوی میں اپنے گھر کو راستہ کیوں کہا ہے؟

14. پھول والوں کی سیر کے دوران مہرولی کے بازار کا کیا نقشہ تھا؟

15. ڈراما ''آگرہ بازار'' میں جھگڑے کا کیا منظر تھا؟

16. پنڈت نہرو اور گدھے نے آپس میں کیا بات کی؟

17. میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform